سوال

جس شخص کی ہوا مسلسل خارج ہوتی رہتی ہو

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

جب کوئی مسلمان کسی ایسے مرض میں بتلا ہو جس کی وجہ سے زور کی ہوا خارج کرنے پر مجبور ہو اور ہوا روکنے کی صورت میں بہت تکلیف ہو تو کیا نماز پڑھتے ہو ہوا خارج ہونے سے اس کا وضوء اور نماز فاسد ہو جائے گی یا سلسل البول پر قیاس کرتے ہوئے فاسد نہ ہو گی؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!
الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اس شخص کو مقدور بھر کوشش کر کے اپنی طہارت کی حفاظت کرنی چاہیئے اگر وہ ہر وقت خارج نہ ہوتی رہتی ہو بلکہ کبھی کبھی خارج ہو تو اس سے وضوء ٹوٹ جائے گا اور اگر ہو ہمیشہ اور ہر وقت خارج ہوتی رہتی ہو اور چلتے پھرتے اٹھتے بیٹھتے لیٹتے اور سواری کی حالت میں کسی وقت بھی بند نہ ہوتی ہو اور نہ وہ نہ اسے بند کر سکتا ہو بند کرنے سے اسے تکلیف ہو تو یہ معذور ہو گا ہوا خارج ہونے سے اس کا وضوء اور نماز نہیں ٹوٹے گی اس کا حکم اس شخص کا سا ہو گا جس کی ناپاکی دائمی ہے ہاں البتہ وقت شروع ہونے کے بعد اسے نماز کے لئے نیا وضوء کرنا ہو گا

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

[فتاویٰ اسلامیہ]

ج1ص267

محدث فتویٰ